# DSIIDC کا افسران بتاکر لوگوں کے ساتھ ٹھگی کرنے والے دو جعلساز گرفتار

نئی دہلی۔14/ مارچ۔ دلی پولیس کی اقتصادی جرائم مخالف ونگ نے خود کو ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے حکام بتاکر معصوم لوگوں سے ٹھگی کرنے والے دو جلسازوں کو گرفتار کیا ہے۔انہوں نے بھولے بھالے خریداروں کو ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے پلاٹوں کی ری۔ ایلوکیشن کا بہانا بناکر ان کے ساتھ ٹھگی کی تھی۔اس معاملے میں ونگ نے وکرم سکسینہ ساکن دہرہ دون، اتراکھنڈ اور متھن بھٹناکر عرف مدت کمار ساکن اندرپرستھا کالونی دلی کو گرفتار کیا ہے۔ان دونوں نے مل کر تقریباً 8 کروڑ روپے کی ٹھگی کی تھی۔ اقتصادی جرائم مخالف ونگ کے ڈی سی پی محمد علی نے بتایا کہ نریش جندل ساکن آزاد پور نے دیگر14 متاثرین کے ساتھ مل کر ای او ڈبلیو میں شکایت درج کرائی تھی کہ انہوں نے سال1998 میں ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے انڈسٹریل پلاٹ کیلئے درخواست دی تھی لیکن ان پلاٹ الاٹمنٹ کی ان کی درخواست کو ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے ذریعہ مسترد کردیا گیا تھا۔اس دوران وکرم سکسینہ اور اجے سکسینہ کی ان سے ملاقات ہوئی اور انہیں خود کو ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے کرمچاری بتایا۔ ساتھ انہوں نے محکمہ کا اپنا شناختی کارڈ اور ان کے اصل درخواست فارم بھی دکھائے جنہیں محکمہ کے ذریعہ مسترد کردیا گیا تھا۔انہوں نے لالچ دیا کہ وہ کچھ خرچا کرنے پر انہیں پلاٹ الاٹ کرادیں گے اور ساتھ ہی دیگر ایسے لوگوں کو بھی ان سے ملوانے کیلئے کہا جن کی درخواست مسترد ہوگئی تھی۔ اس پر شکایت کنندہ نے ان مبینہ لوگوں کو 7 لاکھ روپے ادا کئے لیکن انہیں پلاٹ نہیں ملا۔ دوسرے لوگوں نے بھی مبینہ لوگوں کو اپنے اپنے حساب سے رقم دی لیکن انہیں کوئی پلاٹ نہیں ملا۔ اس شکایت کے بعد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دونوں لوگوں کو گرفتار کرلیا ۔ پولیس پوچھ تاچھ کے دوران پتہ چلا کہ ملزم وکرم سکسینہ نے بتایا کہ وہ ڈی ایس آئی آئی ڈی سی میں ایجنٹ کے طور پر کام کرتا تھا۔ سال 1996 میں ڈی ایس آئی آئی ڈی سی نے پٹ پڑ گنج میں انڈسٹریل پلاٹوں کیلئے سکیم لانچ کی تھی۔ لوگوں کے ساتھ ٹھگی کرنے کیلئے انہوں نے دیو سیوا انکم ڈیولپمنٹ کمپنی (ڈی ایس آئی ڈی سی) کے نام سے کمپنی شروع کی اور ڈی ایس آئی ڈی سی کے نام سے ہی ایک بنک کھاتا کھلوایا۔ انہوں نے ڈی ایس آئی آئی ڈی سی کے آفیشیل ویب سائٹ سے منسوخ کی گئی درخواست کنندگان کے نام اور پتے حاصل کئے ۔اس کے بعد وکرم سکسینہ نے اپنے رشتہ دار متھن بھٹناگر کے ساتھ مل کر خود کو ڈی سی آئی آئی ڈی سی کا افسران بتاکر منسوخ شدہ درخواست کنندگان کے ساتھ رابطہ کرنا شروع کیا اور انہیں فاضل خرچے کے بعد انڈسٹریل پلاٹ دلانے کا جھانسہ دے کر ان کے ساتھ ٹھگی کرنے لگے۔ انہوں نے معصوم لوگوں کو اس پلاٹ کوری۔ الاٹ کرانے کا بھروسہ دلایا جن کیلئے انہوں نے درخواست کی تھی۔ انہوں نے درخواست کنندگان سے ڈی ایس آئی ڈی سی کے نام کھاتے ڈیمانڈ ڈرافٹ لینا شروع کردیا۔اس طرح سے انہوں نے مختلف درخواست کنندگان سے اپنے کھاتے میں 7 کروڑ روپے جمع کرلئے اور موقع ملتے ہی اپنا کاروبار سمیٹ کرفرار ہوگئے۔

## سیاح گاڑیوں کے قومی پرمٹ کیلئے نئے اصول

نئی دہلی،14 مارچ (یواین آئی) روڈ ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کی وزارت نے سیاح گاڑی آپریٹر کی نئی پالیسی کا اعلان کیا ہے جس کے تحت وہاں مالک قومی پرمٹ کیلئے آن لائن درخواست دے سکتا ہے۔وزارت نے کہا ہے کہ آن لائن ضروری دستاویز اور فیس جمع کرنے کے بعد درخواست دینے کے 30 دن کے اندر پرمٹ جاری کیا جائیگا۔ اس سلسلے میں دس مارچ کو اطلاع شائع کی گئی تھی اور اطلاع کے مطابق جو نئے اصول بنائے گئے ہیں وہ ایک اپریل سے نافذ ہوں گے۔اس میں واضح کیا گیا ہے کہ سبھی موجودہ پرمٹ ان کی ویلڈ تاریخ تک نافذ رہیں گے۔



نارتھ دلی کے میئر شری جے پرکاش اپنے دفتر میں اداکارہ دلیپ تاہل کا استقبال کرتے ہوئے۔ کل دونوں باڑہ ہندوراؤ اسپتال میں کورونا ویکسین کی پہلی ڈوز لیں گے۔

# کیجریوال کی آنکھوں کا پانی سوکھا، بوند۔بوند کو ترس رہی ہے مشرقی دلی۔ انل کمار

نئی دلی۔14/ مارچ۔ دلی پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر چودھری انل کمار نے بیان جاری کر بتایا کہ ایسٹ دلی میں پچھلے 48 گھنٹے سے زیادہ وقت سے پانی کو لیکر مچے ہاہاکار کو لیکر دلی جل بورڈ ذمہ دار ہے اور اروند کیجریوال کے آنکھ کا پانی سوکھ چکا ہے ورنہ جو حالات بیمار، بچوں کو جھیلنا پڑ رہا ہے اس سے آنکھوں میں آنسو ہوتے! انہوں نے کہا کہ جل بورڈ نے سنیچر وار اور اتوار کی چھٹی والے دن کو مرمت اور مینٹی ننس کے کام کیلئے چنا۔ جبکہ اس دن سب سے زیادہ گھروں میں پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ دلی جل بورڈ نے 11 مارچ کو پریس ریلیز کے ذریعہ سے جنتا کو بتایا کہ شکروار۔سنیچر وار کو 24 گھنٹے پانی کا مسئلہ رہے گا اس کو لیکر بھی اشتہار کیلئے مشہور کیجریوال سرکار نے بڑے پیمانے پر اطلاع جنتا تک نہیں بھجوائی، کچھ لوگوں نے پانی جمع کیا جن تک اطلاع پہنچی،



بیشتر لوگوں تک اطلاع ہی نہیں پہنچی جس کا نتیجہ رہا کہ عام آدمی تو چھوڑے ٹینکر اور پانی مافیا بھی پانی کو اکٹھا نہیں کرسکا۔ چودھری انل کمار نے کہا کہ اتوار کو 24 گھنٹے تک لوگوں نے سرکار پر بھروسہ کر کسی طرح سے اپنی ضرورتوں کو پورا کیا لیکن اتوار کو حالات بہت زیادہ خراب ہوگئے، بوند بوند پانی کیلئے لوگ ترس رہے تھے۔ سرکار کے ذریعہ اس ہنگامی حالت کا سامنا کرنے کیلئے کوئی خاص تیاری نہیں کی گئی۔ گندا پانی پی کر بیمار ہو رہے دلی کو بوتل بند پانی بھی 10-20 گنا قیمت پر نہیں مل رہا، سب سے زیادہ پریشانی بیمار، مہلائیں، بچے اور بزرگوں کو جھیلنی پڑ رہی ہے۔ چودھری انل کمار نے کہا کہ کانگریس سرکار کے ذریعہ دلی میں پانی دستیابی بڑھائی گئی۔ آبادی بڑھتی جارہی ہے لیکن کیجریوال سرکار کے 6 سال میں پانی دستیابی میں کوئی بڑھوتری نہیں ہوئی، دلی میں جو پانی دستیاب تھا وہ بھی عام جنتا کی جگہ ٹینکر مافیاؤں کو مل رہا ہے۔ عام جنتا بوتل بند پانی خریدنے پر مجبور ہے، آج دلی کے حالات یہ ہوگئے ہیں کہ پارکوں میں جل بغیر پیڑ۔ پودھے سوکھنے لگے ہیں کیونکہ ان کے حصہ کے گندے پانی اب عام جنتا کو دیا جارہا ہے۔ چودھری انل کمار نے کہا کہ جس طرح سے پانی کے ہنگامی حالت سردی کے ختم ہونے پر ہی شروع ہوگئی ہے اس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ آنے والے گرمی کے موسم میں کیا حالات ہونگے۔

# ملک کی از سر نو تعمیر کیلئے راشٹریہ لوک نیتی پارٹی کی شروعات



نئی دہلی۔14/مارچ۔ آج ہم ایک ایسے سماج اور ملک کی تصور کرتے ہیں جہاں سماج کا آخری شخص بھی محسوس کرے کہ ملک کے ہر ترقی میں اس کا بھی اہم رول اور حصہ داری ہے۔ جمہوریت کی گونج اور ملک کی ترقی میں اس کے پسینے کی گندھ کا بھی مول ہو، تبھی صحیح معنی میں لوک شاہی کا رام راجیہ قائم ہوسکے گا۔ ایک ایسا سماج و شفاف قیادت، جدید تکنیک اور نیک نیت کے ساتھ بزرگوں کا احترام، خواتین کی حفاظ اور نوجوانوں کے روشن مستقبل کی گارنٹی دیتا ہو، یہ کہنا تھا راشٹریہ لوک نیتی پارٹی کے کنو یز ایڈ مین دیپک پانڈیا کا، انہوں نے کہا کہ جہاں سرکار داتا کے اہنکار میں اور جنتا یاچک کے روپ میں نہ ہوں، بلکہ سرکار اپنا فرض ادا کرتے ہوئے ہر شہری کے گھر داور تک سبھی ضروری سہولیات دستیاب کروانا یقینی بنائیں۔ راشٹریہ لوک نیتی پارٹی کے لانچ کے موقع پر اتفاق رائے سے راشٹریہ لوک نیتی پارٹی کے قومی عہدیداران کا انتخاب کیا گیا جس میں بریگیڈیئر بی کے کھنہ کو چیف کنو یز، دیپک پانڈیا کو کنو یز ایڈ مین، این کے شرما کو کنو یز فنانس، ڈاکٹر ایل سی شرما کو میٹور اور رینو نیگی کو کنو یز میڈیا ریلیشن منتخب کیا گیا۔ پارٹی کے قومی صلاحکار بورڈ میں جے پی سنگھ آلوک کمار، آئی اے ایس ریٹائرڈ گوتم مارواہ، پدم شری بھوشن تیاگی اور بریگیڈئر ونود دتہ شامل ہوئے۔ بریگیڈیئر کھنہ ایک عالمی شہرت یافتہ شخصیت ہیں انہوں نے فوج میں رہ کر ملک کے لئے اپنی خدمات فراہم کی ہیں۔ این کے شرما نے کہا کہ آج کے حالات اتنی بدل چکے ہیں کہ شخص، پریوار، سماج سمیت تعلیم، صحت، انتظامیہ، زراعت، صنعت وغیرہ سبھی شعبہ پوری طرح نئے اور مختلف ہوچکے ہیں۔ ایسے میں ہماری صدیوں پرانے انتظامی ڈھانچے پر مبنی سیاست پوری طرح بے معنی ثابت ہوچکی ہے۔ پارٹی کے میٹور ڈاکٹر ایل سی شرما نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے نئے تناظر میں نئی سوچ اور قیادت کو آگے لانا۔ جے پی سنگھ نے کہا کہ حالات بدل رہے ہیں تو ہم کیوں نہ بدلے، نیتاؤں کے ساتھ شہریوں کی بھی ریٹنگ طے ہو، جب دوسرے دیش یہ کرسکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں۔ پارٹی کا ایجنڈا بالکل صحیح ہے یہ نئی سمت طے کرنے والی ہے۔ رینو نیگی نے کہا کہ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ ہماری پارٹی میں مہلاؤں کی بھاگیداری زیادہ رہے گی جس میں ہم مہلاؤں کی پریشانیوں کو اور اچھے طریقے سے دور کرسکیں گے۔

# مشرقی دلی میں کیجریوال سرکار کے مفت پانی کی سچائی کی قلعی کھلی

نئی دہلی۔14/مارچ۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کے صدر شری آدیش گپتا نے کیجریوال سرکار کے مفت پانی کے اوپر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ آج خاص کر ایسٹ دلی میں پانی کو لیکر ہاہاکار مچا ہوا ہے۔ لوگ 200 سے 300 روپے میں پانی کی بوتل خریدنے کو مجبور ہیں۔ اپ مکھیہ منتری منیش سسودیا کے اسمبلی حلقہ پٹ پڑ گنج میں پانی کیلئے ہاہاکار مچا ہے لیکن کیجریوال سرکار اور خود اپ مکھیہ منتری بھی لوگوں کو پانی دے پانے میں ناکام ہیں۔ غریب پریوار اگر پانی کی بوتلیں خریدنے کیلئے 300 روپے خرچ کریں تو یہ کتنی شرم کی بات ہے۔ ایسٹ دلی میں دکانوں پر لمبی لائن لگاکر لوگ گھنٹوں کھڑے ہوکر پانی خرید رہے ہیں۔ شری آدیش گپتا نے کہا کہ یہ اس وقت ہو رہا ہے جب ابھی پوری طرح سے گرمی نے دستک نہیں دی ہے۔ ابھی شروعات کے حالات اتنے بھیانک ہیں تو گرمی آنے پر جو حالات ہونگے اس کا تصور کرنے سے ہی ڈر لگتا ہے۔ یہ سب صرف کیجریوال سرکار کی لاپرواہی کا نتیجہ ہے لیکن اتنا سب کچھ ہونے کے بعد بھی جل بورڈ صرف خاموش تماشائی بنا کھڑا ہوا ہے۔ پوری طرح سے سوئی ہوئی کیجریوال سرکار کے ان دعوؤں کی سچائی یہ ہے کہ مفت کے نام پر لوگوں کو جھوٹی تسلی کرنے کے کچھ نہیں ملا ہے۔ شری آدیش گپتا نے راگھو چڈھا اور کیجریوال سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ جن جگہوں پر جل بورڈ کے ذریعہ پانی سپلائی کیا جاتا ہے وہاں پانی اتنا گندا اور بدبودار آرہا ہے کہ جس پانی کے بگل سے لوگ ناک بند کر کے گزرتے ہیں لوگ اسی پانی کو پانی کو مجبور ہیں۔ جہاں پانی کی سپلائی نہیں آرہی ہے وہاں ٹینکر مافیاؤں کا بول بالا ہے۔ دلی سرکار کی راجدھانی میں پانی اور سیور دستیاب کرانے کی ذمہ دار ہے لیکن پردیش کے 30 فیصد علاقہ میں پانی دستیاب نہیں ہے اور لگ بھگ 1600 کالونیوں میں سیور کا بندوبست بھی نہیں

## نارتھ دلی کے میئر اور اداکار دلیپ تاہل کل کورونا کا ٹیکا لگوائیں گے

نئی دہلی۔14/ مارچ۔ نارتھ دلی کے میئر شری جے پرکاش نے آج جانکاری دی کہ وہ فلم سٹار دلیپ تاہل، اپنے سٹاف اور کچھ میڈیا ورکروں کے ساتھ کل صبح 10.30 بجے ہندوراج اسپتال میں کووڈ۔19 کا ٹیکا لگوائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہر کسی کو اپنے اور دوسروں کو کورونا سے محفوظ رکھنے کیلئے اپنے مرحلہ میں ٹیکا لگوانا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سبھی خوش قسمت ہیں کہ ہمارے ملک میں کورونا کا ٹیکا تیار ہوا ہے اور دیگر ملک بھارت میں تیار اس ٹیکے کی طرف دیکھ رہے ہیں کیونکہ یہ انتہائی بھروسے مند اور محفوظ ہے۔ اس لئے ہمیں خود کو صحتمند اور محفوظ رکھنے کیلئے ٹیکا لگوانا چاہئے تاکہ ہم سبھی کووڈ۔19 کے خطرناک اثر سے بچ سکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اداکار دلیپ تاہل بھی شہریوں سے 31 مارچ 2021 سے پہلے اپنے قابل ادا پراپرٹی ٹیکس جمع کرنے کی اپیل بھی کریں گے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ نارتھ دلی کارپوریشن کی عام معافی سکیم کا فائدہ اٹھا سکیں۔

## نیتا امبانی بی ایچ یو میں پڑھائیں گی، وزٹنگ پروفیسر بنانے کی تجویز بھیجی گئی



وارانسی 14 مارچ۔ بنارس ہندو یونیورسیٹی (بی ایچ یو) نے وارانسی سمیت مشرقی اتر پردیش کی خواتین کو بااختیار بنانے اور ان کی ترقی کے لیے خصوصی منصوبہ تیار کیا ہے۔ ملک کے مشہور صنعتکار انل امبانی کی اہلیہ، نیتا امبانی کو وزٹنگ پروفیسر بنانے کے لیے ایک تجویز بھیجی گئی ہے۔ اسے سائنس فیکلٹی کی فیکلٹی میں قائم خواتین کے مطالعہ اور ترقی کے مرکز کے ذریعہ پیش کیا گیا ہے۔اگر ریلائنس فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن نیتا امبانی اس یونیورسٹی کی تجویز پر راضی ہوجاتی ہیں تو وہ جلد ہی بی ایچ یو میں خواتین کو پڑھاتی نظر آئیں گی۔ یہ تجویز 12 مارچ کو سنٹر میں ہیڈ آف فیکلٹی کی زیر صدارت ایک میٹنگ کے بعد کی گئی ہے۔ این بی ٹی آن لائن سے گفتگو کرتے ہوئے فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر کوشل کشور مشرا نے بتایا ہے کہ مرکز کے ذریعہ ریلائنس فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن نیتا امبانی سے رابطہ کیا گیا ہے۔ ان کی زبانی رضامندی کے بعد یہ تجویز ان کو بھیجی گئی ہے۔

## مرکزی وزیر تعلیم نے رجسٹریشن فیس سے مکمل چھوٹ کے ساتھ او پی ٹی آر ایم ایس سرٹیفکیٹ کو ڈیجی لاکر کے ساتھ جوڑنے کرنے کا اعلان کیا

نئی دہلی،14 مارچ. مرکزی وزیر تعلیم جناب رمیش پوکھریال 'نشنک' نے تصدیق شدہ آن لائن استاد شاگرد رجسٹریشن مینجمنٹ سسٹم (او ٹی پی آر ایم ایس) سرٹیفکیٹس تک بغیر کسی پریشانی کے رسائی کو یقینی بنانے کے لئے اعلان کیا کہ، وزارت تعلیم نے سرٹیفکیٹ کو ڈیجی لاکر سے جوڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ جاری کردہ سرٹیفکیٹ خود بخود ڈیجی لاکر میں منتقل ہو جائیں گے اور نیشنل کونسل برائے ٹیچر ایجوکیشن (این سی ٹی ای) کی ویب سائٹ https://ncte.gov.in/website/DigiLocker.aspx اور ڈیجی لاکر https://digilocker.gov.in/ پر جا کر انہیں دیکھا جا سکتا ہے۔ ڈیجی لاکر ایپ کو اینڈرائیڈ فون اور آئی فون پر ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی بتایا کہ این سی ٹی ای کے ذریعہ جاری او ٹی پی آر ایم ایس سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے 200 روپے کی رجسٹریشن فیس کو معاف کر دیا گیا ہے۔۔ اس سے ملک بھر کے سبھی مستفیدین کو کاروبار آسانی کے ساتھ ڈیجیٹل طریقے سے بااختیار بنانے کی سہولت ہوگی۔

## آج کے اہم عالمی تاریخی واقعات

نئی دہلی،14 مارچ (یواین آئی) ہندوستان اور عالمی تاریخ میں مارچ کے اہم واقعات اس طرح ہیں۔1341۔ روم کے شاہ لوئی چہارم اور فرانس کے فلپ VI کے درمیان اتحاد قائم ہوا۔1493۔ کرسٹوفر کولمبس اپنے دنیا کے سفر کے بعد اسپین واپس آیا۔1564۔ مغل بادشاہ اکبر نے جزیہ ٹیکس ختم کردیا۔1744۔ فرانسیسی حکمران لوئس پندرہویں نے انگلینڈ کے خلاف اعلان جنگ کیا۔1767۔ امریکہ کے ساتویں صدر اینڈریو جیکسن کی پیدائش ہوئی تھی۔1781۔ امریکی انقلاب کے دوران کارنوالس نے کنکٹی کٹ میں امریکی فوج کو شکست دی۔1877۔ انگلینڈ اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ کھیلا گیا جس میں آسٹریلیا 45 رن سے فتحیاب ہوا تھا۔1879۔ دنیا کے مشہور سائنس داں البرٹ آئنسٹائن کی پیدائش ہوئی۔1883۔ لندن میں 'ٹائمز' اخبار کے دفتر کو دہشت پسندوں نے اڑانے کی کوشش کی۔1898۔ برطانوی کھوجی ہنری بسیمر نے اسپات بنانے کے طریقہ کا پیٹنٹ کرایا۔1907۔ فن لینڈ خواتین کو ووٹ دینے کا حق دینے والا پہلا یوروپی ملک بنا۔1917۔ زار نکولس دوئم نے روس میں تخت چھوڑا اور عبوری سرکار تشکیل دی۔1919۔ عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد کا افتتاح ہوا تھا۔1920۔ 'ڈینس دی منس' کے نام سے مشہور کارٹونسٹ ہینک کوچھم کی پیدائش ہوئی۔1922۔ مصر کے سلطان نے اپنے نام کے ساتھ شاہ کا لقب اختیار کیا۔1943۔ دلی کے سابق وزیر اعلیٰ صاحب سنگھ ورما کی پیدائش ہوئی۔1951۔ فارس کی پارلیمنٹ نے تیل کمپنیوں کی نجکاری کی۔1960۔ جنوبی کوریا میں سگمن ری چوتھی مرتبہ صدر چنے گئے۔1964 الزابتھ ٹیلر اور رچرڈ برٹن کی شادی ہوئی تھی۔1964۔ سوویت یونین نے مشرقی قزاخستان میں نیوکلیائی تجربہ کیا۔1969۔ ہندستانی بحریہ میں پہلے ہیلی کاپٹر اسکوارڈرن کو گوا میں شامل کیا گیا۔1975۔ یونان کے بزنس مین اریسٹائل اوناسس کا انتقال ہوا تھا۔1976۔ اداکار ابھئے دیول کی پیدائش ہوئی۔1979۔ ژوآو فگریڈو برازیل کے صدر چنے گئے۔1981۔ پاکستان کے اغوا کردہ طیارے کے 104 مسافروں کو شام میں 55 سیاسی قیدیوں کی رہائی کے عوض چھوڑا گیا۔




دلی کے سابق میئر شریمتی پریتی اگروال بوتھ سمیتی سنواد کے دوران پردیش صدر شری آدیش گپتا کو بھگوان کی مورتی بھینٹ کرتے ہوئے۔

# جہانگیر پوری میں MCD کی نو تعمیر شدہ آیورویدک ڈسپنسری کا افتتاح



نئی دہلی۔14/ مارچ۔ ممبر پارلیمنٹ شری ہنس راج ہنس اور نارتھ دلی کے میئر شری جے پرکاش نے آج جے بلاک جہانگیر پوری میں نارتھ دلی کارپوریشن کارپوریشن کے ذریعہ تعمیر آیورویدک ڈسپنسری کا ادگھاٹن کیا۔ اس موقع پر سول لائنس وارڈ کمیٹی کے چیئرمین شری راجہ اقبال سنگھ، ڈپٹی چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی شری وجیندر یادو، سابق میئر شری یوگندر چندولیا، سابق کونسلر شری دیویندر سولنکی اور دیگر معزز مہمان موجود تھے۔ پروگرام کی صدارت مقامی کونسلر شری سریندر سنگھ کھرب نے کی۔ میئر شری جے پرکاش نے مقامی کونسلر کے ذریعہ کئے گئے ترقیاتی کاموں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ نارتھ دلی کارپوریشن مالی سنکٹ کے بعد بھی شہریوں کو ہر ممکن سہولت دستیاب کروا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نارتھ دلی کارپوریشن کا ہر کونسلر شہریوں کی سیوا میں دن رات لگا رہتا ہے۔ میئر نے کہا کہ دلی سرکار لگاتار کارپوریشن کے بجٹ میں کٹوتی کر کے کارپوریشن کو پنگو بنانا چاہتی ہے۔ تاکہ ہم شہریوں کے لئے ترقیاتی کام نہ کرسکے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے کارپوریشن کا بقایا فنڈ جاری کرنے کیلئے مکھیہ منتری آواس پر دھرنا تک دیا۔ انہوں نے کہا کہ کورونا مہاماری میں کارپوریشن نے علاقہ میں صفائی اور سینی ٹائزیشن کا کام کیا تاکہ شہریوں کو اس مہاماری سے بچایا جاسکے مگر دلی سرکار نے کچھ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا کہ دلی سرکار بھارت سرکار کے اشتراک سے کورونا ویکسین کیلئے مختلف ڈسپنسریوں میں ٹیکا کرن مرکز کھول رہی ہے۔ تاکہ شہریوں کو کورونا ویکسین کی سہولت ان کے گھروں کے پاس مل سکے۔

# SDMC نے ویسٹ زون کے پیسیفک مال میں صفائی بیداری مہم چلائی




نئی دہلی۔14/مارچ۔ساؤتھ دلی کارپوریشن نے سوچھ سروے 2021 کے تئیں لوگوں کا حوصلہ بڑھانے کیلئے ویسٹ زون کے سبھاش نگر واقع پیسیفک مال میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا۔ پروگرام میں اولمپک میڈل فاتح سوشیل کمار اور مشہور گائک شری جسبیر جسی مہمان خصوصی کے طور پر موجود تھے اور انہوں نے شہریوں کو سوچھتا کی سپتھ دلائی۔ اس موقع پر کمشنر شری گیانیش بھارتی، ہاؤس کے لیڈر شری نریندر چاولہ، ویسٹ زون کے چیئرمین کرنل بی کے اوبرائے، ڈپٹی کمشنر ویسٹ زون شری راہل سنگھ، سوچھ بھارت ابھیان کے نوڈل آفیسر شری راجیو جین اور زون کے کونسلر اور افسران موجود تھے۔ اس کے علاوہ بڑی تعداد میں مقامی شہریوں نے بھی پروگرام میں حصہ لیا۔ پروگرام میں پہلوان شری سوشیل کمار نے شہریوں کو سوچھتا کا پیغام دیا اور کہا کہ کسی بھی سوچھتا ابھیان کو کامیاب بنانے کیلئے شہریوں کی بھاگیداری انتہائی ضروری ہے۔ مشہور گائک شری جسبیر جسی نے بھی لوگوں کو سوچھتا کے تئیں بیدار کیا اور اپنے من موہک گیتوں سے سماں باندھ دیا۔ ان کے سنگیت پروگرام نے شائقین کو منترمگدھ کردیا۔ اس موقع پر رگھوبیر نگر میونسپل سکول کے طالب علموں نے نکڑ ناٹک پیش کر لوگوں کو سوچھتا کی اہمیت کو سمجھایا اور اس کے لئے پریرت کیا۔ اس موقع پر کمشنر شری گیانیش بھارتی نے کہا کہ ساؤتھ دلی کارپوریشن سوچھ سروے 2021 رینکنگ میں سدھار کیلئے خصوصی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے اشتراک سے ساؤتھ دلی کارپوریشن کو سوچھتا مہم میں کامیابی حاصل ہوسکتی ہے۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ آس پاس صفائی بنائے رکھیں، کوڑا کوڑے دان میں ڈالیں سڑکوں پر پھینکیں نہیں۔ ہاؤس کے لیڈر شری نریندر چاولہ نے کہا کہ سوچھتا سروے 2021 کے مدنظر ساؤتھ دلی کارپوریشن قابل تعریف کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساؤتھ دلی کارپوریشن بہتر رینکنگ پانے کیلئے مختلف سوچھتا پروگرام چلا رہا ہے اور آر ڈبلیو اے اور مارکٹ ایسوسی ایشن کو بھی بیدار و صفائی مہموں کو جوڑ رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ویسٹ زون شری راہل سنگھ نے بھی پروگرام میں آئے سبھی مہمان کا شکریہ ادا کیا۔

## کارپوریٹس گھرانے اپنے وہیکلوں کو الیکٹرک وہیکلوں میں تبدیل کریں۔ گہلوت



نئی دہلی۔14/مارچ۔ دلی سرکار کے سوئچ دلی ابھیان کا چھٹا ہفتہ کارپوریٹس کو سرگرم طور سے شامل کر الیکٹرک وہیکل خریدنے کے تئیں بیداری پیدا کرنے پر مرکوز رہے گا۔ شری کیلاش گہلوت نے کہا کہ دلی سرکار کا نشانہ سوئچ دلی مہم سے مل رہی مثبت ردعمل کو اور زیادہ بڑھانا ہے۔ اس کے علاوہ مہم میں کارپوریٹس کو بھی شامل کریں گے۔ وزیر ٹرانسپورٹ کیلاش گہلوت نے کہا کہ ہم کارپوریٹس سے اپیل کرتے ہیں کہ دلی میں الیکٹرک وہیکلوں کو بڑھاوا دیں اور لوگوں میں بیداری پیدا کریں۔ سوئچ دل مہم میں دلی کے کارپوریشٹ کو شامل کرنے کی ضرورت کے بارے میں تفصیل سے بتاتے ہوئے شری گہلوت نے کہا کہ دلی کو مالی ہب کی شکل میں جانا جاتا ہے۔ یہاں کے کارپوریٹس دلی میں اپنے وسائل کے ذریعہ الیکٹرک وہیکلوں کو بڑھاوا دے کر ان کا صحیح استعمال کرسکتے ہیں۔ سوئچ دلی ابھیان کو بڑی کامیاب بنانے میں کارپوریٹ آگے آکر ہماری مدد کرسکتے ہیں۔ دلی سرکار نے کارپوریٹس کے جڑے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ الیکٹرک وہیکل خرید کر سبھی کی قیادت کریں۔ کیلاش گہلوت نے کہا کہ میں کارپوریسٹ سے اپنے کرمچاریوں کے سفر کو با سہولت بنانے کیلئے الیکٹرک کیب خریدنے کی اپیل کرتا ہوں۔